نیوز ریلیز

البرٹنز کو نَسل پرستی کے خلاف مشغول کرنا

22 ستمبر، 2022ء میڈیا انکوائریز

البرٹنز نَسل پرستی سے نمٹنے اور ایک زیادہ جامع صوبہ بنانے کے لئے حکومتی اقدامات سے آگاہ کرنے میں مدد کر سکتے ہیں۔

چونکہ صوبے کی آبادی بڑھتی جارہی ہے اور زیادہ متنوع ہوتی جارہی ہے ، البرٹا کی حکومت البرٹا میں تمام لوگوں کے تجربات کے بارے میں سننے اور جاننے کے لئے پرعزم ہے، جن میں نسلی نوعیت کے افراد، مقامی افراد اور دیگر لوگ شامل ہیں جن کو نظام میں موجود رکاوٹوں کا سامنا ہو سکتا ہے۔

"مجھے اپنے صوبے میں ہر قسم کی نسل پرستی سے لڑنے کے لئے جاری و ساری کام پر فخر ہے۔ نسل پرستی کا شکار کمیونٹیز اور گروہوں کے ساتھ مسلسل مشغولیت کے ذریعے، ہم اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ البرٹا ہر فرد کیلئے ایک ایسی محفوظ جگہ ہے جسے وہ اپنا گھر کہہ سکتا ہے۔ ہم ہر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے البرٹنز کو اپنی رائے دینے کیلئے دعوت دیتے ہیں تاکہ ہمارے صوبے میں نسل پرستی یا امتیازی سلوک کا سامنا کرنے والوں کی مدد کے لئے ہمارے اقدامات مؤثر اور بامعنی ہو سکیں۔"

محمد یُسین (Muhammad Yaseen)، امیگریشن اور کثیر ثقافتی کے ایسوسی ایٹ وزیر

تمام البرٹنز کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ 21 اکتوبر سے پہلے ایک آن لائن سروے کو پُر کریں۔ وہ اس صوبے میں نسل پرستی کے اثرات اور نسل پرستی سے نمٹنے کے لئے مستقبل کے حکومتی اقدامات پر اپنے نقطہ ہائے نظر کا اشتراک کر سکتے ہیں۔

عوامی مشغولیت البرٹا کے حال ہی میں جاری ہونے والے انسداد نسل پرستی کے ایکشن پلان پر استوار ہوگی۔ ایک بامعنی کاروائی کیلئے ایک روڈ میپ، یہ منصوبہ تنوع کیلئے حکومت کے عزم کا خاکہ پیش کرتا ہے، حکومتی پروگراموں تک رسائی کیلئے نظام میں موجود رکاوٹوں کو دُور کرتا ہے اور اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ البرٹنز کو معلومات اور خدمات تک مساوی رسائی حاصل ہو۔ البرٹا کی انسداد نسل پرستی کی ایڈوائزری کونسل نے اس کام میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

مقامی سیشن کی میزبانی کیلئے گرانٹ کے لئے درخواست دیں

البرٹنز کو اپنے خیالات کا اظہار کرنے کے مزید مواقع فراہم کرنے کیلئے، نسلی، مذہبی، ثقافتی اور کمیونٹی تنظیموں، اور فرسٹ نیشنز اور میٹیس سیٹلمینٹس کو ذاتی طور پر انسداد نسل پرستی کے اجلاسوں کی میزبانی کیلئے فنڈنگ دستیاب ہے۔
2,500 ڈالر تک کی 40 گرانٹس دستیاب ہوں گی اور تنظیموں کے پاس درخواست دینے کے لئے 21 اکتوبر تک کا وقت ہے۔

Classification: Public

تنظیموں کو 16 دسمبر تک لازمی طور پر سیشنز کی میزبانی کرنی چاہئے اور انہیں حکومت کی طرف سے امدادی مواد موصول ہوگا۔ البرٹا بھر کی بڑی اور چھوٹی تنظیموں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ البرٹنز کی متنوع رینج کو اپنے خیالات کا اظہار کرنے کا موقع فراہم کرنے کیلئے درخواست دیں۔ مزید معلومات alberta.ca پر دستیاب ہیں۔

مقامی لوگوں کے ساتھ مشغولیت

البرٹا کی حکومت مقامی لوگوں کے ساتھ سچائی اور مفاہمت کے لئے پُرعزم ہے۔ مفاہمت میں شراکت داروں کے طور پر، ہم البرٹا میں مقامی لوگوں کی بات سُن رہے ہیں اور ان کے ساتھ کام کر رہے ہیں تاکہ بہتر مستقبل کیلئے بہترین طریقوں کا تعین کیا جا سکے۔

حکومت ٹریٹی 6، ٹریٹی 7 اور ٹریٹی 8 کے سربراہوں کے ساتھ میٹیس سیٹلمینٹس، البرٹا کی میٹیس نیشن اور البرٹا میٹس فیڈریشن کی قیادت سے ملاقات کے لئے دعوت نامے بھیجے گی تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ نسل پرستی کے خلاف مقامی نقطہ ہائے نظر کو شامل کیا جائے۔ مقامی لوگوں کو بھی آن لائن سروے میں حصہ لینے کے لئے مدعو کیا جاتا ہے، اور فرسٹ نیشنز اور میٹیس سیٹلمینٹس اور مقامی فرینڈ شپ کے مراکز کمیونٹی کی زیرِ قیادت سیشنز کی میزبانی کے لئے گرانٹس کے لئے درخواستیں دینے کے اہل ہیں۔

دوسرے اسٹیک ہولڈر سیشنز

آراء کو مزید گہرائی سے جمع کرنے کیلئے، کچھ لوگوں اور تنظیموں کو امیگریشن اور کثیر ثقافتی کے ایسوسی ایٹ وزیر کے ساتھ اضافی ذاتی سیشنوں میں شرکت کیلئے مدعو کیا جائے گا۔ یہ سیشنز ایڈمنٹن، کیلگری، ریڈ ڈیئر، لیتھ برج، میڈیسن ہیٹ، فورٹ میک مرے، گرانڈے پریری اور بروکس میں منعقد ہوں گے۔

فوری حقائق

- حال ہی میں دستیاب مردم شماری کے اعداد و شمار کے مطابق، البرٹا میں 3,978,145 افراد میں سے 21.2 فیصد (845,220) تارکین وطن ہیں، 23 فیصد (933,165) نظر آنے والی اقلیتیں اور 6.5 فیصد (258,640) مقامی ہیں۔
- ذاتی طور پر ہونے والے اجلاسوں اور آن لائن سروے دونوں کے عنوانات میں یہ شامل ہے کہ حکومت کو نسل پرستی سے نمٹنے کے لئے کیا اقدامات کرنے چاہئیں اور حکومت نسل پرستی کے خلاف اقدامات پر کمیونٹیز اور البرٹنز کو کس طرح شامل کرنا جاری رکھ سکتی ہے۔ آن لائن سروے میں نسل کی بنیاد پر اعداد و شمار اکٹھے کرنے کے سوالات بھی شامل ہیں۔
- البرٹا کی حکومت نے نسل پرستی کے خلاف متعدد اقدامات پر کام شروع کر دیا ہے، بشمول:
  - نفرت انگیز جرائم سے متعلق رابطہ اور نفرت پر مبنی جرائم کوآرڈینیشن یونٹ کا قیام۔
  - باضابطہ طور پر *پولیس ایکٹ* کے تحت فرسٹ نیشنز پولیسنگ کو تسلیم کرنا۔
  - کریڈٹ کارڈز اور ڈیبٹ کارڈز کے فراڈ پر پابندی۔
  - البرٹا سیکیورٹی انفراسٹرکچر پروگرام کا تعارف کروانا۔
  - *منصفانہ رجسٹریشن پریکٹسز ایکٹ* کو نافذ کرنا اور نئے آنے والوں کے دفتر کے لئے انصاف پسندی تخلیق کرنا تاکہ نئے البرٹنز کی تعلیمی اہلیت کو تسلیم کرنے میں مدد ملے۔

    ◦ حکومت کے لئے ایک جامع کمیونیکشنز پالیسی تیار کرنا۔

متعلقہ معلومات

- نسل پرستی کے خلاف مشغولیت
- نسل پرستی کے خلاف کاروائی کرنا
- گرانٹ کی درخواست کا صفحہ
- البرٹا کا نسل پرستی کے خلاف کاروائی کا منصوبہ